نومنتخب ممبر پنجاب بار کونسل سلمان گھمن نے آج پروسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ذیشان ڈھڈی کیس میں ہونے والی پیش رفت پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ سلمان گھمن نے اس کیس میں پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ کی مؤثر پیروی پر پروسیکیوٹر جنرل پنجاب کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ان کی سربراہی میں محکمہ انصاف کی مضبوطی کے لیے نمایاں اقدامات کیے گئے ہیں۔ پروسیکیوٹر جنرل پنجاب نے یقین دہانی کرائی کہ مقدمے کی شفاف اور پیشہ ورانہ پیروی کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بار اور پراسیکیوشن کے باہمی تعاون سے انصاف کے تقاضے مزید بہتر طریقے سے پورے کیے جاسکتے ہیں